SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر IV مجریہ ۱۹۸۵

SINDH ACT NO.IV OF 1985

کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۵

THE CO-OPERATIVE HOUSING AUTHORITY (AMENDMENT) ACT, 1985

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۸۲ کے سندھ آرڈیننس V کی دفعہ ۱۴ کی ترمیم
Amendment of section 14 of Sindh Ordinance V of 1982
۳۔ ۱۹۸۲ کے سندھ آرڈیننس V میں دفعہ 14-A کی شمولیت
Insertion of section 14-A of Sindh Ordinance V of 1982

سندھ ایکٹ نمبر IV مجریہ ۱۹۸۵
SINDH ACT NO.IV OF 1985
کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۵

THE CO-OPERATIVE HOUSING AUTHORITY (AMENDMENT) ACT, 1985

[۱۲ دسمبر ۱۹۸۵]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۸۲ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۸۲ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔(۱) اس ایکٹ کو کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۵ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا اور ۲۴ ستمبر ۱۹۸۵ سے نافذ سمجھا جائے گا۔

۱۹۸۲ کے سندھ آرڈیننس V کی دفعہ ۱۴ کی ترمیم

Amendment of section 14 of Sindh Ordinance V of 1982

۲۔ کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۸۲ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۱۴ میں:

(i)ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "چھہ ماہ" کے لیئے الفاظ "ایک سال" متبادل ہوں گے۔

(ii)ذیلی دفعہ (۲) میں الفاظ "ایک سال" کے لیئے الفاظ "دو سال" متبادل ہوں گے۔

۱۹۸۲ کے سندھ آرڈیننس V میں دفعہ 14-A کی شمولیت

Insertion of section 14-A of Sindh Ordinance V of 1982

۳۔مذکورہ آرڈیننس میں دفعہ ۱۴ کے بعد مندرجہ ذیل دفعہ 14-A شامل کیا جائے گا:

14-A انتخاب کے لیئے اہلیت۔ حکومت کی اجازت کے علاوہ کوئی بھی شخص جو دفعہ ٦ کے تحت سوسائٹی کو تحویل میں لینے سے پہلے عہدہ رکھتا تھا، وہ دفعہ ۱۴ کی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت انتخابات میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوگا۔"۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔